| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات وعبادات<br>(ب)عبادات | سبق کا نام: زکوٰۃ |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- زکوٰۃ کی فرضیت واحکام سے واقف ہو سکیں۔
- اسلامی نظامِ معیشت میں زکوٰۃ کی اہمیت کو اجمالی طور پر جان سکیں۔
- زکوٰۃ کے معاشرے پر اثرات سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے والے کو بہت زیادہ ثواب سے ملتا ہے۔ نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: ”جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں کوئی چیز خرچ کرے اس کے لیے وہ چیز سات سو گنا بڑھا کر لکھ دی جاتی ہے۔ (جامع ترمذی)

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔

طلبہ کو بتائیں نصاب زکوٰۃ اس مال کو کہتے ہیں جس پر زکوٰۃ دینا فرض ہے یہ زکوٰۃ غریبوں، مسکینوں اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والوں، قیدیوں کو چھڑوانے، محکمہ زکوٰۃ کے ملازمین قرض داروں اور مسکینوں کو دی جاتی ہے۔

انھیں بتائیں زکوٰۃ اللہ تعالیٰ کے ساتھ نفع بخش تجارت ہے اس سے مال میں برکت پیدا کرتی ہے۔

طلبہ کو زکوٰۃ کے معاشرتی اثرات سے آگاہ کریں اور بتائیں زکوٰۃ ادا کرنے سے مال میں کمی نہیں آتی بلکہ اس میں برکت شامل ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے سے نہ صرف مال پاک ہوتا ہے بلکہ زکوٰۃ ادا کرنے والے کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور قرب بھی حاصل ہوتا ہے۔

زکوٰۃ کے ذریعے اسلام نے لوگوں کو ایسا معاشی نظام مہیا کیا ہے جس سے دولت پر بااثر لوگوں کی اجارہ داری قائم نہیں رہتی اور دولت کا بہاؤ امیر سے غریب کی طرف قائم رہتا ہے اور معاشرے میں خوشحالی کا دور دورہ ہو جاتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اجارہ داری | اِ۔جا۔رَہ۔داری | ٹھیکیداری |
| نفع بخش | نَ۔فَ۔عَ۔بخش | فائدے مند |
| کوتاہی | کو۔تا۔ہی | کمی۔کسر چھوڑنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(۲) کا سوال(۳) طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مصارفِ زکوٰۃ کی فہرست بنائیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ(ہوم ورک)

سوال: زکوٰۃ کے معاشرتی اثرات بیان کریں۔

جواب:______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ<br>باب دوم: ایمانیات و عبادات | سبق کا نام: حفظ قرآن مجید + آخرت (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آیۃ الکرسی کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- عقیدۂ آخرت کے معنی و مفہوم کو سمجھ سکیں۔
- عقیدۂ آخرت کی اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔
- آخرت اور قیامت کے تصور کو سمجھ کر دنیا اور آخرت کا باہمی تعلق سمجھ سکیں۔
- عقیدۂ آخرت کے اثرات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔
- آخرت میں جواب دہی کا احساس اپناتے ہوئے نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق حفظ قرآن مجید + آخرت کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** **20منٹ**

**سوال 1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

ا۔ آخرت کا معنی و مفہوم بیان کریں۔

________________________________

________________________________

۲۔ عقیدۂ آخرت کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔

________________________________

________________________________

**سوال 2: دیے ہوئے سوال کا تفصیل سے جواب لکھیں۔**

ا۔ عقیدۂ آخرت کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات | سبق کا نام: ختم نبوت اور اطاعتِ رسول خاتم النبیین ﷺ + زکوٰۃ (دہرائی) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- عقیدۂ ختم نبوت کے معنی و مفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو ہمیشہ کے لیے آخری نبی اور رسول جانتے اور مانتے ہوئے یہ سمجھ لیں کہ آپ خاتم النبیین ﷺ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول معبوث نہیں ہو گا۔
- اطاعتِ رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اور سنتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کے مفہوم سے واقف ہو سکیں۔
- اللہ تعالیٰ کے احکام کی عملی صورت کو آپ خاتم النبیین ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں۔
- سنت نبوی خاتم النبیین ﷺ کی اہمیت اور شرعی حیثیت کو جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے اُسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔
- زکوٰۃ کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔
- زکوٰۃ کی فرضیت و احکام سے واقف ہو سکیں۔
- اسلامی نظامِ معیشت میں زکوٰۃ کی اہمیت کو اجمالی طور پر جان سکیں۔
- زکوٰۃ کے معاشرے پر اثرات سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو باب دوم ایمانیات و عبادات ختم نبوت اور اطاعتِ رسول خاتم النبیین ﷺ + زکوٰۃ کی دہرائی کروائیں۔

- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور پھر انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

| اعادہ: | 15منٹ |
|---|---|

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
|---|---|

**سوال1:خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ سنت کے لفظی معنی ____________ اور عادت کے ہیں۔

۲۔ زکٰوۃ انسان کو ____________ کی طرف مائل کرتی ہے۔

۳۔ زکٰوۃ اللہ تعالٰی کے ساتھ نفع بخش ____________ ہے۔

۴۔ نماز، روزہ، زکٰوۃ وحج کے احکامات کی تفصیل ____________ سے معلوم ہوتی ہے۔

**سوال2:دیے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

ا۔ سنتِ نبوی ﷺ سے کیا مراد ہے؟

________________________________________

________________________________________

۲۔ زکٰوۃ کے مستحقین میں کون کون لوگ شامل ہیں؟

________________________________________

۳۔ صاحبِ نصاب سے کیا مراد ہے؟

۴۔ ختمِ نبوت کے حوالے سے کوئی ایک حدیث مبارکہ بیان کریں۔